یہ تمام نام عدد (۹) سے تعلق رکھنے والی خواتین کی مخالف خواتین کے نام ہیں۔ یہ ہر صورت میں ان سے کبھی بھی تعاون نہیں کر سکتی بلکہ ان کے مخالف کوئی بھی قدم اٹھا سکتی ہیں۔اس لئے ان خواتین میں سے نام کو دیکھ کر ان سے کیسا برتاؤ کرنا ہے۔وہ اب آپ کے اپنے ہاتھ ہے۔اب اس سے آگے تمام خواتین کے روحانی اور طبی علاج درج ہوں گے۔جو کہ پیچھے درج نہیں ہو سکے اس لئے تمام خواتین اپنی بیماری کو دیکھ کر مذکورہ علاج پر عمل کریں اللہ کے فضل سے ان کی بیماری میں افاقہ اور انہیں شفاء ضرور ہو گی۔یہ تمام علاج کسی مخصوص خواتین کیلئے نہیں ہیں بلکہ تمام خواتین اپنی بیماری سے متعلق ان پر عمل کر کے کامیاب ہو نگی اور یہ تمام خواتین کیلئے درج کئے گئے ہیں۔

اگر حیض بند ہو جائے

اگر کسی خاتون کا کسی وجہ سے حیض بند ہو جائے تو اس طبی علاج پر عمل کریں اللہ کے فضل سے ان کا بند حیض وقت کے مطابق پھر جاری ہو گا۔ انشاء اللہ پانچ تولے قند سیاہ کو توے پر رکھ کر گرم کریں پھر اس میں پانچ تولہ بیروزہ بھی شامل کر کے ان کو ہلکا ہلکا پکائیں پھر تین ماشے مرکی، تین ماشے نوشادر، تین ماشے لونگ ان کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس کر اوپر والی ادویات میں شامل کریں۔ پھر ان کو خوب پکائیں ٹھنڈا ہونے پر ان کی بتیاں تیار کریں اور ان بتیوں کو صبح اور شام ایک ایک عدد اپنے رحم میں رکھیں ان کو حیض کھل کر آئے گا اور اتنا آئیگا جتنا آنا چاہئے۔

لیکوریا کے خاتمے کیلئے

گل پستہ ایک تولہ، گل دھاوا ایک تولہ، گل سپاری ایک تولہ، چھ ماشے گل ارمنی، چھ ماشے گوکھرو، چھ ماشے گوند ڈھاک، ان سب کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس لیں پھر اس میں دیسی چینی حسب مقدار ملا کر صبح و شام اس خوراک میں چھ ماشے کی خوراک دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے لیکوریا جڑ سے ختم ہو گا۔

اسقاط حمل کے خاتمے کیلئے

اگر کسی خاتون کا حمل باربار ساقط ہو جاتا ہو تو دو ماشہ مروارید کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ ناسفتہ دو ماشہ، گل زیوفر دو تولہ، چوک کنڈھی دو تولہ، کو بھی کھرل میں پیس کر رکھ لیں۔ اسکے بعد گل نیلوفر اور چوک کنڈھی کو باریک پیس کر اس میں حل کریں۔ اور پانی کی مدد سے ان کی کالی مرچ جتنی گولیاں بنا کر رکھ لیں اور روزانہ ایک گولی پانی کے ساتھ کھائیں لیکن اس گولی کو حیض والے دنوں میں بالکل استعمال نہ کریں۔ اور حمل کے دوران اس گولی کو باقاعدگی سے کھائیں اللہ کے فضل و کرم سے ان کا حمل کبھی بھی ساقط نہیں ہو گا۔ اور اس عمل سے اللہ کے فضل سے صرف لڑکا بھی پیدا ہو سکتا ہے۔ یہ اپنے اعتقاد کی بات ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت وسیع ہے۔

حاملہ خواتین کیلئے بے مثال چورن

اگر کوئی خواتین حمل میں ہو اور ان کو بد ہضمی کی شکایت رہتی ہو تو یہ خود اس چورن کو بنا کر استعمال کریں ان کو کبھی بھی بد ہضمی نہیں ہو گی۔ سونف تین ماشے، چاروں نمک تین ماشے، ٹاٹری ایک ماشہ، کالی مرچ چھ ماشے، کوزہ مصری ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس کر پھر چھاننی کی مدد سے چھانئیں اور پانی کے ساتھ یا ویسے سادی پھکی کی صورت میں استعمال کریں۔

بانجھ پن کیلئے

بانجھ پن کے خاتمے کیلئے برادہ دندان فیل چار تولے، زعفران تین ماشے، طباشیر نو ماشے، سانٹھ چھ ماشے الائچی خورد ایک تولہ، تخم کونچ چھ ماشے، ریش پیپل چھ ماشے، بر گد چھ ماشے، کالی ہرڑ ایک تولہ، قند سیاہ دو تولہ، ان سب ادویات کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس کر صبح و شام چھ ماشے کی خوراک پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اور پھر اپنے خاوند سے ہمبستر ہوں۔ حمل ٹھہرے گا۔ اور بانجھ پن ختم ہو گا۔

ہسٹریا کے خاتمے کیلئے

یہ مرض اکثر عورتوں میں پایا جاتا ہے۔ اور احتیاط نہ کرنے پر علاج بھی درست نہیں ہو پاتا اس لئے اس علاج کو دھیان سے دیکھ کر استعمال کریں اللہ تعالیٰ ضرور شفاء دینگے۔ فلفل دراز ایک تولہ، زنجبیل ایک تولہ، نوشادر چھ ماشہ، ہینگ، چھ ماشہ، ان سب کو کھرل میں پیس کر گھیگوار کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا کر روزانہ ان گولیوں کو تین تین مرتبہ تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ ہسٹریا کی بیماری ختم ہو گی۔

دوران حمل خون آنا

بابڑنگ ایک تولہ، گل دھاوا ایک تولہ، مائیں ایک تولہ، مازو ایک تولہ، طباشیر ایک تولہ، کمر کس ایک تولہ، کچور ایک تولہ، سپاری ایک تولہ، لودھ پٹھانی ایک تولہ، ساٹھی کے چاول ایک تولہ، کشتہ صدف ایک تولہ، کشتہ مرجان ایک تولہ، ان تمام ادویات کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس کر صبح و شام چھ ماشے کی خوراک آملے کے مربے کے ساتھ استعمال کریں۔ ان

کادوران حمل خون بہنا بند ہو گا۔

اندام نہانی میں خارش کے خاتمے کیلئے

اگر کسی خاتون کو اندام نہانی میں کسی بھی وجہ سے خارش ہوتی ہو اور یہ مرض شرمندگی کا باعث بن رہا ہو۔ تو اس کے خاتمے کیلئے۔ ست پودینے کو میٹھے تیل میں حل کر کے اس میں نرم کپڑا تر کر کے اس کو اپنی اندام نہانی میں رکھیں ان کی خارش کا جڑ سے خاتمہ ہو گا۔

ولادت میں آسانی پیدا کرنے کیلئے

اگر کسی خاتون کو پیدائش کے وقت تکلیف کا سامنا رہتا ہو تو یہ اس وقت اپنے ہاتھ میں سنگ مقناطیس کا ایک ٹکڑا مضبوطی سے تھام لیں۔ ان کو زیادہ تکلیف نہیں ہو گی۔

خونی و بادی بواسیر کے خاتمے کیلئے

اس مرض سے مکمل نجات کیلئے بابڑنگ ایک تولہ، رسونت ایک تولہ، مغز تخم ریٹھہ ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں پیس کر خوب باریک کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح و شام ایک ایک گولی تازہ پانی سے استعمال کریں۔ خونی اور بادی بواسیر کا مکمل خاتمہ ہو گا۔

سکتہ، مرگی، اور بے ہوشی دور کرنے کیلئے

ان تمام امراض سے نجات پانے کیلئے۔ کافور، سہاگہ، نوشادر، فلفل دراز، زعفران، پوست ریٹھہ۔ ان سب کو ہم وزن لیکر کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسیں اور بوقت ضرورت نسوار کی طرح ناک کے اندر کھینچیں۔ ان تمام امراض کا جڑ سے خاتمہ ہو گا۔

سرسام سے نجات کیلئے

اگر کسی خاتون کو سرسام کا مرض لاحق ہو جائے تو دوسرا افراد ان کی اس حالت میں ناک میں نمک ملیں اور پانی کے چند قطرے ناک اکے اندر ٹپکائیں اس طرح چند بار دہرانے سے یہ مرض ختم ہو گا۔

پستانوں کا ڈھیلا پن ختم کرنے کیلئے

اگر کسی خاتون کے پستان وقت سے پہلے ہی ڈھیلے ہو گئے ہوں تو ان کو پھر دوبارہ سخت کرنے کیلئے۔ کافور ایک تولہ، آم کی گٹھلی ایک عدد سفید پھٹکڑی ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس کر پانی میں لئی کی طرح بنا کر ان کو اپنے پستانوں پر لیپ کریں۔ دوبارہ سخت ہو جائیں گے۔

پتھری گردہ اور مثانہ کے خاتمے کیلئے

اگر کسی خاتون خانہ کو گردے یا مثانے میں پتھری ہو تو پوست ریٹھہ ایک تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، نوشادر ایک تولہ، سہاگہ ایک تولہ، مغز بادام چھ ماشے، مغز خربوزہ چھ ماشے، مغز تخم خیارین چھ ماشے، تخم کدو شیریں چھ ماشے، ان سب کو کھرل کی مدد سے باریک پیس کر تین ماشے کی خوراک صبح و شام تازے پانی کے ساتھ کھائیں اللہ کے فضل سے پتھری پیشاب کے راستے بہہ جائے گی۔

دمے سے نجات کیلئے

دمہ کو ختم کرنے کیلئے ملٹھی مقشر دو تولے، پھٹکڑی بریان چھ تولے، ان دونوں کو باریک پیس کر آپس میں ملا کر صبح اور شام چار ماشے کی خوراک دہی کے ساتھ استعمال کریں دمے سے مکمل نجات ہو گی۔

پیشاب کے ساتھ خون آنا

اگر کسی خاتون کو اس بیماری میں کسی چیز سے بھی شفاء نہ ہو رہی ہو۔ تو پھٹکڑی بریان ایک تولہ، لودھ پٹھانی ایک تولہ، ان دونوں کو آپس میں ملا کر کھرل میں خوب باریک پیس کر روزانہ صبح و شام ایک ماشے کی خوراک دودھ کی لسی کے ساتھ استعمال کریں اللہ کے فضل سے ان کی یہ مرض ختم ہو گی۔

بندش پیشاب کیلئے

اگر کسی خاتون کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو نوشادر چھ ماشے، قلمی شورہ چھ ماشے، جو کھار چھ ماشے، سہاگہ سفید چھ ماشے، ان تمام ادویات کو کھرل میں ڈال کر باریک پیس کر اس میں دیسی چینی ملا کر سفوف کی شکل میں صبح و شام تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ پیشاب کھل کر آئیگا۔

زیادتی پیشاب کے خاتمے کیلئے

اگر کسی کو بار بار پیشاب آنے کی شکایت ہو جائے تو تخم جامن پانچ تولہ، چھلکا پیپل پانچ تولہ، کشتہ بیضہ، ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں پیس کر صبح و شام چار ماشے کی خوراک تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے ان کو پیشاب اتنا ہی آئیگا جتنا آنا چاہیے۔

شوگر کے خاتمے کیلئے

شوگر کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے سرمہ سفید تین تولے، تین پاؤ گلاب کا عرق ان دونوں کو کھرل میں ڈال کر خوب آپس میں ملائیں اور دن میں ایک مرتبہ ایک ماشے کی خوراک تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے شوگر کا جڑ سے خاتمہ ہو گا۔

درد گردے کے خاتمے کیلئے

اس مرض کو ختم کرنے کیلئے نوشادر ایک تولہ، پھٹکڑی ایک تولہ، اجوائن دیسی ایک تولہ، سنگ یہود ایک تولہ، خوردنی نمک ایک تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، جو کھار ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں پیس کر باریک سفوف کی شکل میں صبح و شام دو ماشے کی خوراک دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

گردے و مثانے کی پتھری ختم کرنے کیلئے

اگر کسی خاتون کو گردوں میں پتھری کی شکایت ہو تو اللہ کا نام لیکر اس علاج کو استعمال کریں اللہ ضرور شفاء دیگا۔ مولیاں دس کلو، جنگلی کبوتروں کی بیٹ دس تولے، مولیاں کو خشک کر کے جلائیں پھر مولیون کی راکھ اور جنگلی کبوتروں کی بیٹ باریک پیس کر چھ سات گنا پانی میں

بھگو دیں۔ چار پانچ روز بھگوئیں رکھیں ہر روز تین چار مرتبہ ہلاتے رہیں۔ اس کے بعد اس پانی کو نتھار کر کسی صاف برتن میں آگ پر رکھیں۔ جب سارا پانی جل جائے تو سفید سا سفوف برآمد ہوگا۔ اب اس خوراک کو صبح و شام تین رتی کی خوراک تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ پتھری پیشاب کے ذریعے خارج ہوگی۔

پیٹ کی ریح ختم کرنے کیلئے

پیٹ میں ہر طرح کی ریح کو ختم کرنے کیلئے۔ کالی مرچ ایک تولہ، قلمی شورہ ایک تولہ، لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب مرچیں جل جائیں اور قلمی شورہ پگھل جائے اور مرچوں کے ساتھ یک جان ہو جائے۔ تو اتار لیں، ٹھنڈا ہونے پر کھرل میں ڈال کر ان کو خوب باریک پیسیں اور روزانہ چار رتی کی خوراک تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ پیٹ کی ریح ختم ہوگی۔

ہر قسم کے بخار کے خاتمے کیلئے

اس مرض کے مکمل خاتمے کیلئے۔ ست گلو ایک تولہ، زہر مہرہ خطائی، چھ ماشے، طباشیر چھ ماشے، الائچی چھ ماشے، انٹی فیبرین کونین چھ ماشے، ان تمام ادویات کو کھرل کی مدد سے خوب باریک پیس کر کیکر کے گوند کی مدد چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور روزانہ صبح دوپہر شام دو دو گولیاں پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے ان کا ہر قسم کا بخار جڑ سے ختم ہوگا۔

باری کے بخار کے خاتمے کیلئے

کالی مرچیں چھ ماشے، طباشیر تین ماشے، نمک خوردی چھ ماشے، الائچی خورد تین ماشے، ریوند چینی چھ ماشے، ست گلو چھ ماشے، ان تمام کو کھرل میں خوب باریک پیس کر چار ماشے کی خوراک دو تولے انار کے شربت کے ساتھ استعمال کریں۔ باری کا بخار ختم ہوگا۔

تیجے کے بخار کے خاتمے کیلئے

کافور تین ماشے، پھٹکوی بریاں تین ماشے، کونین چھ ماشے، فلفل دراز چھ ماشے، زہر

مہرہ خطائی چھ ماشے، زیرہ سفید ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں خوب باریک پیس کر لیموں کے عرق کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنائیں صبح وشام ایک گولی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

ملیریے کے بخار کے خاتمے کیلئے

پھٹکڑی بریاں ایک تولہ، ریوند چینی ایک تولہ، کشتہ فولاد ایک تولہ، گوند ببول چھ ماشے، ان سب کو کھرل میں ڈال کر باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح وشام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ ملیریا بخار کے ساتھ ساتھ دوسرے موسمی بخار بھی ختم ہونگے۔

بلغمی بخار کے خاتمے کیلئے

اس مرض سے جان چھڑوانے کیلئے۔ ریوند چینی ایک تولہ، مغز کونجوہ ایک تولہ، کیکر کی گوند ایک تولہ، سنڈھ چھ ماشے، ان سب کو آپس میں ملا کر کیکر کی گوند کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح وشام ایک گولی تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نزلے زکام سے چھٹکارہ پانے کیلئے

افیون تین ماشے، کالی مرچ تین ماشے، ٹینک ایسڈ دو ماشے، ان سب کو کھرل میں پیس کر سفوف بنا کر پانی کی مدد سے ماش کے دانے کے برابر گولیاں بنا کر صبح وشام ایک گولی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

کھانسی تر کے مکمل خاتمے کیلئے

اس مرض سے نجات پانے کیلئے۔ ہلدی دو تولہ، گندم دو تولہ، ان دونوں کو آپس میں ملا کر جلادیں اور ان کی راکھ کو خالص شہد میں دو رتی کی خوراک کے مطابق استعمال کریں۔

کھانسی خشک کے خاتمے کیلئے

مغز بادام ایک تولہ، آرد ملٹھی ایک تولہ، مویز منقیٰ ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں ڈال کر اچھی طرح کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنا کر ایک ایک گولی دن میں کئی بار منہ میں ڈال کر چوستے رہیں۔ خشک کھانسی کا خاتمہ ہوگا۔ اور آئندہ کیلئے بھی یہ محفوظ رہیں گے۔

بلغمی کھانسی کے خاتمے کیلئے

اس مرض کے خاتمے کیلئے۔ ملٹھی ایک تولہ، اجوائن خراسانی ایک تولہ، تخم خطمی ایک تولہ، سنڈھ ایک تولہ، ان سب کو کھرل میں ڈال کر پیس کر ان کی چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح دوپہر اور شام دو گولیاں پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے بلغمی کھانسی کا خاتمہ ہوگا۔

کالی کھانسی کے خاتمے کیلئے

کاکڑا سنگی نو ماشے، پھٹکڑی دو ماشے، نوشادر دو ماشے، ان کو توے کے اوپر رکھ کر ان کے اوپر کوئی برتن رکھیں اور نیچے آگ جلائیں جب سب کچھ راکھ کی شکل میں بن جائے تو اس راکھ کو خالص شہد میں ملا کر اس کو چاٹیں اللہ کے فضل سے کالی کھانسی کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔

یرقان کے خاتمے کیلئے

پھٹکڑی سفید ایک تولہ، کشتہ قلعی تین ماشے، ان کو باوزن لیکر آپس میں ملا کر کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیسیں اور ایک ماشے کی خوراک صبح و شام دہی کی لسی کے ساتھ استعمال کریں۔

خرابی جگر کے خاتمے کیلئے

قلمی شورہ ایک تولہ، نوشادر چھ ماشے، ریوند خطائی چھ ماشے، ان سب کو آپس میں ملا کر کھرل میں ڈال کر پیس کر روزانہ چار رتی کی خوراک تازے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ جگر کام کرے گا۔

فالج کے خاتمے کیلئے

روغن فرفیون، روغن بادام تلخ، روغن قسط ان کو آپس میں ہم وزن لیکر تیل کی شکل میں متاثرہ حصوں کی مالش کریں اللہ کے فضل سے فالج بہت جلد ٹھیک ہوگا۔

لقوے کے خاتمے کیلئے

مصطگی رومی تین ماشے، دہن بلسان تین ماشے، دار چینی تین ماشے، جدوار خطائی تین

ماشے، سلجہ تین ماشے، سفید مرچ تین ماشے، زعفران ایک ماشہ، کستوری ایک ماشہ، عنبر ایک ماشہ، افیون ایک ماشہ، مرکی ایک ماشہ، ان سب کو کھرل میں ڈال کر خوب باریک پیس کر خالص شہد کی مدد سے ان کی چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور صبح دوپہر اور شام ایک ایک گولی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ یہ دوائی لقوہ، رعشہ، اور فالج کیلئے بہت زبردست تاثیر رکھتی ہے۔

خرابی خون کے دفعیہ کیلئے

بکائن کا خام پھل سایہ میں خشک کر کے باریک پیسیں خوراک چھ ماشے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اللہ کے فضل سے خون کی تمام خرابیاں درست ہونگی۔

زخموں کی لاجواب مرہم کیلئے

سوہاگہ بریاں پانچ تولے، پھٹکڑی سرخ پانچ تولے، کو روغن کنجد میں ایک ہفتے تک کھرل کریں۔ اور پھر اپنے کسی بھی زخم پر مالش کریں بڑے سے بڑا زخم بہت جلد ٹھیک ہو گا۔

تمت بالخیر

حصہ مرد

عدد (1) سے تعلق رکھنے والے مرد حضرات

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
		آ		
آثم	AASIM	خاکسار	541	الرحمن
آذر	AAZAR	روشن	901	الملک
آزب	AAZAB	ہنرمند	10	المومن
آزردہ	AAZURDA	رنجیدہ	217	المھیمن
آشنا	AASHNA	دوست	352	المقیت
آمن	AAMIN	نڈر	91	الجلیل
		ا		
اثال	ASSAL	برتری	532	المجیب
اثیل	ASEEL	مضبوط	541	الولی
اجتنان	IJTANAN	پوشیدہ	505	الواحد
اخوان	IKHWAN	ساتھی	658	الاول
ادیم	ADEEM	خوشبودار چیز	55	الرحمن
ارتباط	IRTABAT	بندھا ہوا	613	الملک
ارجمند	ARJUMAND	نیک	298	المومن
ارز	ARZ	بزرگی	208	المھیمن
ارشاش	ARSHASH	ہلکا مینہ	802	المقیت
اشتر	ASHTAR	عربی نام	901	الجلیل

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
اصطفا	ASTAFA	بزرگی	181	المجیب
اعجاز	IJAZ	معجزہ	82	الولی
افراز	AFRAZ	بلندی	289	الواحد
اکرام	IKRAM	نعمتوں والا	262	الاول
اکمل	AKMAL	مکمل	91	الرحمن
امام	AMAM	پیشوا	82	الملک
امن	AMAN	چین	91	المومن
انتخاب	INTIKHAB	چنا ہوا	1054	المھیمن
انشا	INSHA	ایجاد	352	المقیت
اوج	AOJ	عروج	10	الجلیل
ایاز	AYAZ	وفادار	19	المجیب
ایثار	EESAR	قربانی	712	الولی
ایجاد	EEJAD	بنایا ہوا	19	الواحد
ایوب	AYUB	صابر	19	الاول

ب

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
برتر	BARTAR	بلند	802	الرحمن
برکت	BARAKAT	سکون	622	الملک
بنیامین	BINYAMEEN	یامین کا بیٹا	163	المومن
بہار	BAHAR	خوبصورت	208	المھیمن

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
بہزاد	BAHZAD	اچھا	19	الجلیل
بہلول	BAHLOL	ہنس مکھ	73	المجیب
		ت		
تابش	TABISH	حرارت	703	الولی
تبریق	TABREEQ	روشن کرنا	712	الواجد
تذہیب	TAZHEEB	چمکانا	1117	الاول
ترابی	TURABI	خاکسار	613	الرحمن
ترجمان	TARJUMAN	فصیح	694	الملک
تزاہر	TAZAHAR	چمکانا	613	المومن
تسہیل	TASHEEL	سہل ہونا	505	المہیمن
تصدیق	TASDEEQ	سچائی	604	المقیت
تفرید	TAFREED	ہٹ جانا	694	الجلیل
تلمیذ	TALMEEZ	طالبعلم	1180	المجیب
تلوین	TALWEEN	رنگ برنگ	496	الولی
توصیف	TAOSEEF	وصف کرنا	586	الواحد
		ث		
ثمود	SAMOOD	قدیم قوم کا نام	550	الاول
		ج		
جدار	JIDAR	دیوار	208	الرحمن

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
جدیر	JADEER	لائق	217	الملک
جلال	JALAL	عظمت	64	المومن
جمل	JUMAL	اونٹ	73	المهيمن
جہانگیر	JAHANGIR	پر جلال	289	المقيت
		ح		
حاجز	HAJIZ	ماہر	19	الجليل
حاضر	HAZIR	موجود	1009	المجيب
حزم	HAZAM	احتیاط	55	الولي
حسام	HASSAM	بہادر	109	الواحد
حسن	HASAN	جمال	118	الاول
حسیم	HASEEM	باوقار	118	الرحمن
حشمت	HASHMAT	بزرگی	748	الملک
حقی	HAQI	صحیح	118	المومن
حمیس	HAMEES	بہادر	118	المهيمن
حنان	HANNAN	بے حد رحمت والا	109	المقيت
		خ		
خازن	KHAZIN	خزانے والا	658	الجليل
خالص	KHALIS	صاف	721	المجيب
خصال	KHISAL	عادت	721	الولی

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
خلوت	KHALWAT	تنہائی	1036	الواحد
خلیط	KHALEET	افراد	649	الاول

د

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
دستگیر	DASTAGIR	مددگار	694	الرحمن
دیان	DAYYAN	قاضی	64	الملک
دین	DEEN	مذہب	64	المومن

ذ

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
ذکاء	ZAKA	دانائی	721	المھیمن
ذکی	ZAKI	تیز فہم	730	المقیت

ر

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
راشد	RASHID	ہدایت یافتہ	505	الجلیل
رامش	RAMISH	آرام	541	المجیب
رشاد	RASHAD	نیک	505	الولی
رشید	RASHEED	نیک	514	الواحد
رمیل	RAMEEL	سجایا ہوا	280	الاول

ز

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
زائر	ZAIR	زیارت کرنے والا	208	الرحمن
زرق	ZARAQ	بھڑکیلا	307	الملک
زعیم	ZAEEM	سردار	127	المومن

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
ذکاء	ZAKA	دولتمند	28	المهيمن
ذکی	ZAKI	پاکیزہ	37	المقيت
		س		
ساحت	SAHAT	میدان	469	الجليل
ساطل	SATAL	بلند	100	المجيب
ساغر	SAGHAR	جام	1261	الولى
سبر	SABAR	جیاد	262	الواحد
سکندر	SIKANDAR	بہادر	334	الاول
سلسال	SALSAL	خوشگوار	181	الرحمن
سلمان	SALMAN	ریزہ	181	الملک
سمط	SAMAT	عقلمند	109	المومن
سیار	SAYAR	سیلانی	271	المهيمن
سماح	SAMAH	سخی	109	المقيت
سنور	SANWAR	چمکیلا	316	الجليل
		ش		
شادب	SHADIB	نادر	307	المجيب
شاہق	SHAHIQ	بلند	406	الولى
شبلی	SHIBLI	بہادر	343	الواحد
شتاب	SHTAB	جلدی	703	الاول

اسم الٰہی	حروف ابجد	مطلب	انگریزی	نام
الرحمن	1009	ذہین	SHAZ	شجاذ
الملک	460	سفارش کرنے والا	SHAFEE	شفیع
المومن	550	تلوار	SHAMSHEER	شمشیر
		ص		
المهیمن	298	صابر	SABOOR	صبور
المقیت	595	سچائی	SADAQAT	صداقت
		ض		
الجلیل	829	خوش گفتار	ZAHIK	ضاحک
المجیب	1081	مددگار	ZAFIR	ضافر
الولی	811	روشن	ZIA	ضیاء
		ط		
الواحد	19	تیز	TAIT	طائط
الاول	217	زینت	TARAZ	طراز
الرحمن	217	خوش صورت	TAROOB	طروب
		ظ		
الملک	1180	فتح	ZAFAR	ظفر
		ع		
المومن	118	پختہ ارادے والا	AAZIM	عازم
المهیمن	280	معطر	AATIR	عاطر

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
عائر	AAIR	کثرت	271	المقیت
عبادہ	EUBADA	عبادت گذار	82	الجلیل
عبود	ABOOD	عبادت گذار	82	المجیب
عبیدہ	EUBAIDA	ملازم	91	الولی
عروۃ	AROOH	سرفراز	676	الواحد
عزام	AIZAM	پختہ ارادے والا	118	الاول
عزہول	AAZHOL	تیز رفتار	118	الرحمن
عطار	ATAR	عطر والا	280	الملک
عفت	IFFAT	پاکیزگی	550	المومن
عقیق	AQEEQ	قیمتی پتھر	280	المھیمن
عمران	IMRAN	لبالب	361	المقیت
عمرس	UMRAS	توانا	370	الجلیل
عمرو	UMRO	زندگی سے متعلق	316	المجیب

غ

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
غازی	GHAZI	فاتح جنگ	1018	الولی
غاصف	GHASIF	خوشحال	1171	الواحد
غباشیر	GHABASHER	پرشوق	1513	الاول
غدن	GHADAN	نیکی	1054	الرحمن
غرز	GHARAZ	دودھ	1207	الملک

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الہی
		ف		
فارح	FARIH	فرحت بخش	289	المومن
فارض	FARIZ	صحتمند	1081	المھیمن
فائق	FAIQ	بلند	181	المقیت
فہیر	FAHEER	نازاں	298	الجلیل
فریح	FAREEH	خوش	298	المجیب
فضل	FAZAL	مہربانی	910	الولی
فواد	FUWAD	دل	91	الواحد
		ق		
قاصف	QASIF	گرجدار	271	الاول
قدیم	QADEEM	پرانا	154	الرحمن
قنبر	QANBAR	امتیازی نشان	352	الملک
		ک		
کاثر	KASIR	بکثرت	721	المومن
کافور	KAFOR	پھل	307	المھیمن
کامل	KAMIL	مکمل	91	المقیت
کانب	KANIB	مالدار	73	الجلیل
کثیر	KASEER	زیادہ	730	المجیب
کلام	KALAM	گفتگو	91	الولی

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
کلیم	KALEEM	ہم کلام	100	الواحد
کمال	KAMAL	معراج	91	الاول
		گ		
گلبار	GULBAR	پھول پھینکنے والا	253	الرحمن
گنج	GANJ	دولتمند	279	الملک
		ل		
لاجورد	LAJWARD	قیمتی پتھر	244	المومن
لمعات	LAMAAT	روشن	541	المھیمن
لمیک	LAMEEK	سرگمین	100	المقیت
لوی	LAVEE	سوکھی گھاس	46	الجلیل
لہاق	LAHAQ	سفید	136	المجیب
لیاقت	LAYAQAT	قابلیت	541	الولی
		م		
مالک	MALIK	آقا	91	الواحد
مان	MAN	تکبر	91	الاول
متقی	MUTQE	پرہیزگار	550	الرحمن
متوکل	MUTAWAKKIL	اعتماد	496	الملک
مجیب	MUJEEB	جواب دینا	55	المومن
مجیر	MUJEER	پناہ دینے والا	253	المھیمن

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
محتزن	MUHTAZAN	سنجیدہ	505	المقیت
محستان	MUHSTAN	نیک	559	الجلیل
محسود	MAHSOOD	چنا ہوا	118	المجیب
مرتضٰی	MURTAZA	رشک و حسد کیا گیا	1441	الولی
مرصد	MURSAD	راستہ	334	الواحد
معاذ	MUAAZ	جائے پناہ	811	الاول
معیذ	MUEEZ	مددگار	820	الرحمن
مقبل	MAQBAL	دولتمند	172	الملک
مقیت	MUQEET	روزی رساں	550	المومن
ملاک	MILAK	قدرت	91	المهیمن
ملکوت	MALAKOOT	بادشاہی	496	المقیت
مناص	MINAS	پناہ گاہ	181	الجلیل
منبع	MANBAH	نکلنے والا	100	المجیب
مومن	MAOMIN	ایماندار	136	الولی
مہیمن	MUHEMAN	جائے پناہ	145	المهیمن

ن

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
نابک	NABIK	بلند مقام	73	الواحد
ناجی	NAJI	نجات پانے والا	64	الاول
ناشی	NASHI	اگنے والا	361	الرحمن

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
ناظم	NAZIM	کارکن	991	الملک
نایاب	NAYAB	قیمتی	64	المومن
نبل	NABAL	ذہین	82	المهيمن
نزاکت	NAZAKAT	لطافت	478	المقيت
نسران	NASRAN	دوستارے	361	الجليل
نصوح	NUSOOH	خالص	154	المجيب
نطاشی	NATASHI	عقلمند	370	الولی
نظام	NIZAM	بنیاد	991	الواحد
نقاش	NAQASH	نقش کرنے والا	451	الاول
نگار	NIGAR	تصویر	271	الرحمن
نمود	NAMOOD	علامت	100	الملک
نوح	NOOH	توجہ کرنے والا	64	المومن
نوشاد	NAUSHAD	خوش	361	المهيمن
		و		
واحد	WAHID	یگانہ	19	الجليل
واصل	WASIL	پہنچانا	127	المجيب
وائل	WAIL	پناہ دینے والا	37	الولی
وجاہت	WAJAHAT	خوبصورتی	415	الواحد
وحید	WAHEED	یکتا	28	الاول

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
وقار	WAQAR	متانت	307	الرحمن
ولی	WALI	دوست	46	الملک
		ہ		
ہاد	HAAD	رہنما	10	المومن
ہارب	HARIB	تیز رفتار	208	المهيمن
ہارون	HAROON	قاصد	262	المقيت
ہائد	HAID	پرہیزگار	10	الجليل
ہائم	HAEEM	حیران	46	المجيب
ہجر	HIJR	جدائی	208	الولى
ہدیٰ	HUDA	سچائی	10	الواحد
ہما	HUMA	خیالی پرندہ	46	الاول
		ی		
یاسر	YASIR	بلند نظر	271	الرحمن
یزدانی	YAZDANI	خدائی	82	الملک
یاور	YAWAR	مددگار	217	المومن
یسار	YASAR	دولتمندی	271	المهيمن
یسیر	YASEER	آسان	280	المقيت
یمن	YAMAN	برکت	100	الجليل

عدد (4) سے تعلق رکھنے والے مرد حضرات

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الہی
		آ		
آزاد	AZAD	خود مختار	13	العزیز
آغر	AGHAR	مشہور	1201	الشکور
آل	AAL	قوم	31	الشہید
		ا		
ابریز	IBRAIZ	سنہرا	220	المحصی
ابی	ABI	عربی نام	13	المحي
اشلال	ASLAL	ختم کرنا	562	الممیت
اجلال	IJLAL	بزرگی	67	الاحد
اخمر	AKHMAR	تیزرو	841	المقدم
احوز	AHOZ	دانا	22	البر
اختر	AKHTER	ستارہ	1201	التواب
ادران	ADRAN	غلام	256	النور
اذہاب	ADHAB	سنہرا	13	العزیز
اردشیر	ARDSHER	شیر	715	الشکور
ارزش	ARZASH	وقار	508	الشہید
ارمان	ARMAN	آرزو	292	المحصی
ارہام	ARHAM	رحم جھم	247	الممیت

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
ازاد	AZAD	بے غم	13	الاحد
اسبال	ASBAL	زیادہ بولنا	94	المقدم
استحسان	ISTHSAN	پسندیدگی	580	البر
اشعر	ASHAR	ممتاز	571	التواب
اصغر	ASGHAR	ادنیٰ	1291	النور
اصلاح	ISLAH	درست	130	العزیز
اطیب	ATEEB	بہت پاکیزہ	22	الشکور
افتخار	IFTIKHAR	فخر۔ تکبر	1282	الشھید
اقتدار	IQTIDAR	قوت	706	المحصی
انتصار	INTISAR	مدد پانا	742	الممیت
انجم	ANJUM	ستارہ	94	الاحد
انیس	ANEES	ہمدرد	121	المقدم
اوس	AOS	تحفہ	67	البر
ایزد	AEZAD	اضافہ	22	النور
		ب		
باذل	BAZIL	سخی	733	العزیز
باسم	BASAM	ہنسنے والا	103	الشکور
بسام	BISAM	فرحاں	103	الشھید
بسیم	BASEEM	خندہ زن	112	المحصی

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
بصر	BASAR	عقلمند	292	المحصی
بقا	BAQA	زندگی	103	المحی
بہروز	BAHROZ	مبارک	220	الممیت
		ت		
تاباں	TABAN	روشن	454	المقدم
تاثیر	TASEER	اثر	1111	البر
تاشفین	TASHFEEN	ہمدرد	841	التواب
تبرید	TABREED	نرم کرنا	616	النور
تبیان	TABYAN	ظاہر کرنا	463	العزیز
تحذیر	TAHZEER	خوف دلانا	1318	الشکور
تصویر	TASWEER	نقشہ	706	الشہید
تفہیم	TAFHEEM	سمجھانا	535	المحصی
تمیم	TAMEEM	بردبار	490	المحی
تواب	TAWWAB	اللہ کا نام	409	الممیت
		ٹ		
ٹیپو	TIPO	بہادر	418	الاحد
		ج		
جادہ	JADAH	راستہ	13	المقدم
جاذب	JAZIB	دل کش	706	البر

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
جالس	JALIS	رفیق	94	التواب
جاں نثار	JANNISAR	وفادار	805	النور
جاہد	JAHID	محنت کرنے والا	13	العزیز
جبران	JABRAN	معاوضہ	256	الشکور
جلیس	JALEES	دوست	103	الشهيد
جمان	JUMAN	موتی	94	المحصی
جنید	JUNAID	سپاہی	67	المحی
		چ		
چاند	CHAND	قمر	58	الممیت
چاہت	CHAHAT	محبت	408	الاحد
		ح		
حالی	HALI	حاضر	49	المقدم
حباب	HABAB	دوستی	13	البر
حبیب	HABEEB	پیارا	22	التواب
حریر	HARER	ریشمی	418	النور
حصن	HISN	محفوظ	148	العزیز
حمدان	HAMDAN	حمدوثناء	103	الشکور
حمود	HAMOOD	بزرگ	58	الشهيد
حنیف	HANEEF	سچا	148	المحصی

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
		خ		
خدیر	KHADEER	بھلائی، حسن	814	المحیی
خلیل	KHALEEL	سچا، دوست	670	الممیت
خورشید	KHURSHEED	سورج	1120	الاحد
		د		
دانش	DANISH	عقل	355	المقدم
داور	DAWAR	عادل	211	البر
		ذ		
ذکریا	ZAKARIYA	بہت زیادہ	931	التواب
ذوالقرنین	ZULQARNAIN	خدا پرست	1147	النور
		ر		
راجع	RAJIA	مڑنے والا	274	العزیز
رحیب	RAHEEB	کشادہ	220	الشکور
رخام	RAHAAM	ملائم	841	الشھید
رضوان	RIZWAN	خوشگوار	1057	المحصی
روحان	ROHAN	شاداب	265	المحیی
		ز		
زریاب	ZARYAB	دولتمند	220	الممیت
زکریا	ZAKARIYYA	صابر	238	الاحد

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
زیاد	ZIYAD	کثرت	22	المقدم
زین	ZAIN	بناوٹ	67	البر
		س		
سالار	SALAR	سردار	292	التواب
سبات	SABAT	عقلمند	463	النور
سبحان	SUBHAN	مقدس	121	العزیز
سبوح	SUBOH	طاہر	76	الشکور
سجیل	SAJEEL	ذرہ	103	الشہید
سخی	SAKHI	نیک دل	670	المحصی
سرحان	SURHAN	شیر	319	المحی
سعادت	SAADAT	بلند مرتبہ	535	الممیت
سمیر	SAMEER	کہانی کار	310	الاحد
سویدہ	SUWAIDA	سرفراز	85	المقدم
		ش		
شادن	SHADIN	ہرنوٹہ	355	البر
شاذب	SHAZAB	نادر	1003	التواب
شازب	SHAZIB	کمزور	310	النور
شافی	SHAFI	باعث شفاء	391	العزیز
شاہد	SHAHID	گواہ	310	الشکور

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
شرف	SHARAF	بزرگی	580	الشهيد
شریع	SHREE	بہادر	580	المحصى
شعیب	SHOEB	راست مند	382	المحى
شعیر	SHAEER	دوست	580	المميت
شفیق	SHFIQE	مہربان	490	الاجد
شکور	SHAKOOR	شاکر	526	المقدم
شمشیر	SHAMSHER	تلوار	850	البر
شہام	SHIHAM	بہادری	346	التواب
شہید	SHAHEED	گواہ	319	النور
		ص		
صاغر	SAGHAR	جھکنے والا	1291	العزيز
صغیر	SAGHEER	چھوٹا	1300	الشكور
صفات	SIFAT	نیکیاں	571	الشهيد
صقیر	SAQEER	چالاک	400	المحصى
صلوت	SALAWAT	تحسین	526	المحى
صنیع	SANEE	نیکی	220	المميت
صولت	SAOLAT	شہامت	526	الاحد
		ض		
ضرار	ZARAR	محاسب	1201	المقدم

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
ضوفشاں	ZOFASHAN	منور	1237	البر
		ط		
طارق	TARIQ	صبح کا ستارہ	310	التواب
طائل	TAIL	آزادی	40	النور
طاؤس	TAOUS	مور	76	العزیز
طرب	TARAB	خنک	211	الشکور
طریق	TAREEQ	خاموش	319	الشھید
طناز	TANNAZ	بے باک	67	المحصی
طویس	TAWEES	پرجمال	85	المحی
طہران	TAHRAN	پاک	265	الممیت
طیاب	TAYAB	خوشبو	22	الاحد
طیار	TAYYAR	تیز	220	المقدم
ظہور	ZAHOOR	اظہار	1111	البر
عاتق	AATIQ	آزاد	571	التواب
عبال	ABAL	جنگلی گلاب	103	النور
عبد	ABD	خادم	76	العزیز
عبقری	ABQARI	دانا	382	الشکور

اسم الٰہی	حروف ابجد	مطلب	انگریزی	نام
الشھید	580	برگزیدہ	ATEEQ	عتیق
المحصی	661	حسین	USMAN	عثمان
المحی	175	سردار	ADNAN	عدنان
الممیت	400	شیر	ARSAM	عرصم
الاحد	94	پیارا	AZIZ	عزیز
المقدم	166	بلبل	ANDALEEB	عندلیب
البر	130	سردار	AEN	عین
		غ		
التواب	1012	آرزومند	GHABIT	غابط
النور	1201	وسیع	GHAIR	غائر
العزیز	1111	ایک چشمہ	GHUSSAN	غسان
		ف		
الشکور	301	سوچنے والا	FAKIR	فاکر
الشھید	211	ظاہر کرنا	FALIQ	فالق
المحصی	490	نیک	FATA	فتیٰ
المحی	85	قربان	FIDA	فدا
الممیت	391	شیر	FARNAS	فرناس
الاحد	292	خوبصورت	FARHAD	فرحد
المقدم	211	مولد	FISAM	فصام

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
فلک	FALAK	آسمان	130	البر
فگار	FIGAR	زخمی	301	التواب
فواز	FAWWAZ	کامیاب	94	النور
فہمید	FAHMEED	عقل	139	العزیز
فیاش	FAYASH	سخی	391	الشکور
		ق		
قاصر	QASIR	عاجز	391	المحصی
قاطب	QATIB	بہادر	112	المحی
قراط	QRAT	آرام	310	الممیت
قسطان	QASTAN	رنگارنگ	220	الاحد
قندیر	QANDEER	مشک	364	المقدم
قیصر	QAISAR	بادشاہ	400	البر
		ک		
کرامت	KARAMAT	معجزہ	661	التواب
کروبی	KARROBI	فرشتہ	238	النور
کسام	KASAM	کھلاہوا	121	العزیز
		گ		
گل رخ	GULRUKH	خوبصورت	850	الشکور
گل رو	GULRU	خوبصورت	256	الشہید

اسم الٰہی	حروف ابجد	مطلب	انگریزی	نام
المحصی	400	گلزار	GULSHAN	گلشن
المحی	1021	گلزار	GULAZAR	گل عذار
الممیت	481	شمع	GULFISHAN	گلفشاں
الاحد	301	سرخ پھول	GULNAR	گلنار
المقدم	256	پھولوں والا	GULHAR	گلہار
البر	256	ایک درخت	GUOLER	گولر
التواب	634	ممتاز	GOHARTAB	گوہر تاب
		ل		
النور	40	جڑنے والا	LAZIB	لازب
العزیز	238	چوڑا	LAZAR	لازر
الشکور	139	عمدہ	LATEEFI	لطیفی
الشہید	130	نگینہ	LAL	لعل
المحصی	211	دانائی	LIQAF	لقاف
المحی	85	بڑھنے والا	LAHEEM	لہیم
الممیت	49	رواج	LEET	لیط
		م		
الاحد	571	مثالی	MASAL	ماثل
المقدم	49	محو کرنا	MAAH	ماح
البر	211	وصفا	MASIF	ماصف

اسم الٰہی	حروف ابجد	مطلب	انگریزی	نام
التواب	157	دوست	MANOOS	مانوس
النور	481	بہادر	MUTABATTIL	متبطل
العزیز	724	بے مثال	MUTAFARRID	متفرد
الشکور	580	بزرگ	MASEEL	مثیل
الشھید	58	مشہور	MAHAT	محاط
المحصی	58	دلدار	MAHBOOB	محبوب
المحی	688	قابل قدر	MUHTARAM	محترم
الممیت	697	خزانہ	MAKHZ	مخزن
الاحد	760	خالص	MUKHLIS	مخلص
المقدم	660	دیاض	MUKHAYYAR	مخیّر
البر	85	ہمیشہ	MUDAM	مدام
التواب	58	اونچا	MADEED	مدید
النور	643	بلند جگہ	MARATIB	مراتب
العزیز	481	نازک	MARAMIR	مرامر
الشکور	283	طاقتور	MARJAM	مرجم
الشھید	346	وظیفہ	MARSOOM	مرسوم
المحصی	247	ذہین	MAZAR	مزر
المحی	1390	فیض چاہنا	MUSTAFEEZ	مستفیض
الممیت	760	روشنی	MUSTANEER	مستنیر

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
مسلمہ	MUSALLIMA	سچا	175	الاحد
مسیب	MUSAYYEB	خود مختار	112	المقدم
مسیطر	MASEETAR	نگہبان	319	البر
مشتاق	MUSHTAQ	آرزومند	841	التواب
مشمر	MASHMIR	عقلمند	580	النور
مشہود	MASH-HOOD	موجود	355	العزیز
مصطفیٰ	MUSTAFA	پسندیدہ	220	الشکور
مصعب	MUSEB	صابر	202	الشہید
معتز	MOETIZ	عظمت	517	المحصی
مقتصد	MUQTASID	میانہ روی اختیار کرنا	634	المحی
مقدم	MUQADDIM	بہادر	184	الممیت
مکرام	MIKRAM	باسلیقہ	301	الاحد
مناقب	MUNAQIB	تعریفیں	193	المقدم
موقر	MU-AQQIR	وقار	364	البر
میراں	MEERAN	بہت بڑا	301	التواب
		ن		
ناجد	NAJID	مددگار	58	النور
ناز	NAZ	عظمت	58	العزیز
ناموس	NAMOOS	فرشتہ	157	الشکور

اسم الٰہی	حروف ابجد	مطلب	انگریزی	نام
الشھید	751	فریفتہ	NISAAR	نثار
المحصی	103	روشن	NAJMI	نجمی
المحی	67	بہادر	NAJEED	نجید
الممیت	463	پاکی	NAZAHAT	نزاہت
الاحد	364	سرور	NASHEED	نشید
المقدم	265	رہنما	NATOOR	نطور
البر	211	جوان	NAOMAN	نعمان
التواب	130	نگینہ	NAGEEN	نگین
النوز	364	مہربانی	NAWAZISH	نوازش
العزیز	256	روشنی	NOOR	نور
الشکور	166	فیاض	NOFIL	نوفل
		و		
الشھید	607	مضبوط	WASIQ	واثق
المحصی	76	درمیانہ	WASIT	واسط
المحی	418	تنہائی	WAHDAT	وحدت
الممیت	211	بہادر	WIRAD	وراد
الاحد	292	وافر	WAFOOR	وفور
المقدم	13	تحفہ	WAHAB	وہب

نام	انگریزی	مطلب	حروف ابجد	اسم الٰہی
		ہ		
ہاشم	HASHIM	ممتاز	346	البر
ہشام	HISHAM	فیاض	346	التواب
ہصور	HASOOR	بہادر	301	النور
ہمایوں	HAMAYON	مبارک	112	العزیز
		ی		
یار	YAAR	دوست	211	الشکور
یاقوت	YAQOOT	جوہر	517	الشہید
یعسوب	YASOOB	سردار	148	المحصی

عدد (1) اور (4) رکھنے والے مرد حضرات کا فال نامہ

اگر یہ افراد کبھی بیمار ہو جائیں اور ان کا بیمار ہونا ڈاکٹر کی سمجھ میں نہ آئے۔ توان کا روحانی ملاج ہوگا۔ مگر اس کیلئے صحیح تشخیص سب سے ضروری ہے۔ اور یہاں تشخیص و علاج دونوں ہی تائیں جائیں گے۔ اس کیلئے یہ ضروری نہیں کہ کسی سے اجازت لی جائے بلکہ خود ہی اس کو پڑھ کر جیسے بتایا جائے ویسے ہی کریں ہر سورت میں کامیاب ہونگے۔ اب روحانی طور پر اس فرد پر اس کی بے خبری میں کسی پری کا سایہ پڑا ہے۔ جس سے اس کو یہ بیماری لاحق ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ یہ اللہ کا نام لئے بغیر دریا یا نہر کے کنارے سے گذرا ہے۔ اور اس لئے یہ اب پہلے سے زیادہ پریشان رہتا ہے۔ اس بیماری کی علامت کے طور پر اس کی آنکھیں قرمزی رنگ کی ہوگئی ہیں۔ سر میں درد کی بہت شکایت ہے۔ اور بخار میں بھی مبتلا رہتا ہے۔ اب اس کے وجود میں سکون نہیں رہا پیاس اس کو بہت لگتی ہے۔ کہ اس پر بد نظر اور کسی کی زبان بد کا اثر ہو گیا ہے۔ اس نے کسی بزرگ کے مزار پر منت بھی مان رکھی ہے۔ اس منت کو اتارنے سے پہلے صدقہ دے اور پھر منت ادا کرنے کے بعد اس مزار پر چراغ روشن کرے انشاء اللہ اس مرض سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارہ ہوگا۔ اگر ان دو اعداد میں سے تعلق رکھنے والا بچہ ہو۔ تو اس کی تکلیف کا باعث اس کی شریر طبع اور اس کی میٹھی باتیں ہیں۔ جسے ایک نیلی آنکھوں والے شخص کی نظر بد لگی ہے۔ اس کے علاج کے طور پر کسی بھی نیلی آنکھوں والے شخص کی تلاش کرے۔ اور اس کے لباس کا ایک ٹکڑا کسی طریقہ سے حاصل کرے۔ پھر اس میں حرمل لپیٹ کر کپڑا اور حرمل کو کسی پاک جگہ جلائے۔ جل جانے کے بعد اس راکھ کو اس بچہ کی پیشانی اور کمر پر ملے۔ انشاء اللہ بچے کو صحت ہوگی۔ اور ان آیات کو زعفران سے لکھ کر یہ افراد اپنے گلے میں پہن لیں۔ اس طرح کی تمام قباحتوں سے مکمل طور پر محفوظ رہیں گے۔ اور اس کے علاوہ اگر یہ کسی جادو ٹونے میں بھی مبتلا ہونگے تو اللہ کے فضل سے ہر جادو ٹونے کا جڑ سے خاتمہ ہوگا۔

ان کو لکھنے سے پہلے پاک اور باوضو حالت ضرور اختیار کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وان یکاد الذین کفرو لیز لقونک بابصار ھم لما سمعوا الذکر ویقولون انه لمجنون وما ھوا الا ذکر للعالمین الحمد لله الذی خلق السموات والارض وجعل الظلمات والنور ثم الذین کفروا بربھم یعدلون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ختم اللہ علی قلوبھم وعلی سمع ھم وعلی ابصار ھم غشاوۃ ولھم عذاب الیم ومن الناس من یقول امنا باللہ وبالیوم الاخر وما ھم بمومنین یخا دعون اللہ والذین امنو و یخدعون الیم و ننزل من القرآن ما ھو شفاء ورحمة للمومنین ولا یزید الظالمین الا خسارا

برحمتک یا ارحم الراحمین

ان آیات کو زعفران سے لکھ کر پانی میں ڈال کر اس کا پانی پئیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ وباللہ ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم قال موسی ما جئتم به السحر ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین ویحق اللہ الحق بکلماته ولو کرہ المجرمون فوقع الحق وبطل ما کانو یعملون فغلبوا ھنا لک و انقلبوا ساغرین۔فلان بن فلان

عدد (1) اور (4) رکھنے والے مرد حضرات کا خاکہ

یہ افراد شریف اور مہذب ہوتے ہیں۔ اور ہیر پھیر کی باتیں نہیں کرتے اور نہ ہی ان عادات میں مبتلا افراد کو پسند کرتے ہیں۔ اور اگر ان سے متعلق افراد ان سے دنیاوی معاملات میں ہیرا پھیری سے کام لیں تو یہ ان سے منہ موڑ لیتے ہیں۔ اور پھر زندگی میں کبھی بھی ان سے کوئی رابطہ نہیں رکھنا چاہتے اور دوسرے افراد کو بھی ان سے ملنے پر پابندی لگا دیتے ہیں۔ یہ سیدھی سادھی باتیں کرنے والے افراد ہیں۔ یہ اپنی زندگی مکمل طرح سے محبت بھری گذارنا چاہتے ہیں۔ اور اگر ان کو کسی سے محبت ہو جائے تو یہ اس کی دلجوئی اور نازبرداری کیلئے دل کھول کر خرچ کرتے ہیں۔ اور اس کو اپنے انداز سے زندگی گزارنے پر مجبور کرتے ہیں۔ یہ اپنی محبوبہ کو اپنے جسم اور روح کا ایک حصہ مانتے ہیں۔ اور اگر ان کو اپنی محبوبہ سے اس قسم کا کوئی تاثر نہ ملے تو یہ اپنی محبوبہ کا نقصان کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے کیونکہ یہ شروع سے ہی اپنی محبوبہ یا اپنی شریک حیات کو اپنی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ یہ سب ان کے ساتھ اسی صورت میں ہوگا۔ جب یہ اپنی زندگی میں بالکل کامیاب زندگی بسر کرینگے۔ اور اگر یہ اپنی زندگی میں کامیاب کاروباری افراد نہیں ہونگے۔ تو محبت کے معاملے میں ان کی زندگی میں ایسی بڑی بڑی رکاوٹیں آئینگی۔ جن کا سامنا کرنا ان کیلئے بہت ہی مشکل ہوگا۔ ان کی رفاقت پھولوں کی سیج اس وقت بنے گی۔ جب یہ کامیاب کاروباری افراد یا کسی سرکاری محکمے میں اچھے عہدے پر فائز ہونگے۔ ورنہ ان کی راہ میں کانٹے آتے ہی رہیں گے۔ اور یہ افراد اس بات کو اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ یہ کیا چاہتے ہیں۔ اور جو کچھ بھی یہ چاہتے ہونگے اسے آسانی سے حاصل بھی کر لینگے۔ اس کے علاوہ یہ اپنے روزگار اور محبت میں حاکمیت چاہتے ہیں۔ اور اگر یہ اپنی زندگی میں محنت سے کام کریں تو رومان اور کاروبار دونوں میں کامیاب بھی ثابت ہو سکتے ہیں۔ یہ افراد ضدی بھی ہوتے ہیں۔ اور جس فیصلے کو یہ اپنے دل میں ٹھان لیتے ہیں۔ اس پر ہمیشہ ہی قائم رہتے ہیں۔

عدد (1) اور (4) سے منسوب مرد حضرات کے عملیات

اگر ان افراد کو کوئی لڑکی کا رشتہ نہ دیتا ہو

سب سے پہلے یہ دیکھنا ہوگا کہ ان افراد کی یہ خواہش سچی ہے یا یہ محض اپنی ضد کو پورا کرنے کیلئے عمل کرنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ مصنف ان جیسی تمام باتوں سے بری الذمہ ہے۔ تو اپنی اس خواہش کیلئے۔ اس نقش کو اس وقت تحریر کریں۔ جب سورج طلوع ہو رہا ہو۔ زعفران کے ساتھ اس نقش کو لکھنے کے بعد اس کو پانی کے مٹکے میں ڈال دیں۔ اور جب موقع ملے تو اس پانی سے کچھ پانی کے چھینٹے لڑکی کے باہر والے دروازے پر مارے اور ایک عدد نقش یہی لکھ کر لڑکی کے باہر والے دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دبائے اور اس عمل کو کم از کم سات دنوں تک کرے۔ اگر اللہ نے چاہا تو لڑکی والے خود راضی ہو کر رشتے کی بات چلائیں گے۔ مگر اس کیلئے آپس میں برابر کا جوڑ ہونا شرط ہے۔ اس عمل کو زمین اور آسمان کا فرق دیکھ کر پھر کریں۔ ورنہ عمل کو غلط کہنا صحیح نہیں ہوگا۔

نقش

ع م ع ل اح ۱ا ا ھ　　　　ح م ۱ا م ۱۱۱ ھ م

ح اح ح ۱ا ح م ء اح ۹　　　　۱ا ھ ۹ م ۱۳۱۳ ۱۱۱

۱۱۱ ــــ ۱۱۳ ل ــــ ح ء　　　　ع ــــ ۱۵۱ م ۳۹

ان افراد کو سفلی علم کے ذریعے بستہ کیا ہو

اکثر سفلی علم کے ماہر اپنے علم کے زور پر چند روپوں کی خاطر ایسا عمل بھی کر دیتے ہیں۔ جس سے ان افراد کی شہوت بندی ہو جاتی ہے۔ اور یہ ہم بستری کرنے پر قادر نہیں ہو سکتے یا ان کا اپنی شریک حیات سے مباشرت کرنے کو دل نہیں کرتا۔ اس صورت میں یہ افراد اپنی شریک حیات سے بھی متنفر رہتے ہیں۔ اس کے علاج و حل کیلئے۔ اس لوح کو اس وقت (سیسہ) پر کسی لوہے کی قلم سے کندہ کرے جب سورج طلوع ہو رہا ہو۔ پھر اس کو اپنی کمر پر باندھ لے۔ ہر طرح کا کیا ہوا عمل باطل ہوگا۔ لیکن اس کو غسل کی حالت میں اتار دے اور ہم بستری کرنے کے وقت بھی۔

سلام	قولا	من رب	رحیم
رحیم	من رب	قولا	سلام
قولا	سلام	رحیم	من رب
من رب	رحیم	سلام	قولا

ترقی روزگار اور برکت کیلئے

یہ افراد کاروبار میں ہر طرح کی بندش دور کرنے کیلئے۔اور اس میں برکت کیلئے اس نقش کو صبح سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد سفید کاغذ پر زعفران سے لکھیں۔اور اپنی کاروباری جگہ پر ایسے مقام پر لگائے۔جہاں ہر گاہک کی نظر پڑے اگر کاروبار خسارے میں بھی جارہا ہو گا۔ تو انشاء اللہ اس نقش کی برکت سے عروج پکڑے گا۔اور پہلے سے کہیں زیادہ چلے گا۔پھر روزانہ نماز عشاء پڑھ کر اسی جگہ پر سورۃ فتح کو اکتالیس مرتبہ پڑھے اللہ کے حکم سے کاروبار میں برکت بھی ہو گی۔انشاء اللہ

۳۳۳۱	۳۳۴۴	۳۳۴۱	۳۳۳۸
۳۳۴۲	۳۳۳۷	۳۳۳۲	۳۳۴۳
۳۳۳۶	۳۳۳۹	۳۳۴۶	۳۳۳۳
۳۳۴۵	۳۳۳۴	۳۳۳۵	۳۳۴۰

ہر مرض سے شفاء کیلئے

اگر یہ افراد کسی بھی بیماری میں مبتلا ہوں۔چاہے اس کا تعلق جسمانی مرض سے ہو یا روحانی سے تو یہ سورۃ فاتحہ ایک سو مرتبہ اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ اور گیارہ مرتبہ چاروں قل شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ہر طرح کی بیماری سے محفوظ رہیں گے۔اور نماز کو کبھی بھی ترک نہیں کرنا چاہئے۔

رنج و غم سے نجات کیلئے

یا حی یا قیوم برحمتک استغیث کا کثرت سے ورد کیا کریں۔اور نمازبا

جماعت ادا کیا کریں۔ اللہ کے حکم سے ان کے تمام غم اور دکھ ختم ہونگے۔ انشاءاللہ

نظر بد سے مکمل نجات کیلئے

ان افراد میں ہر چھوٹے و بڑے کیلئے۔ یہ نقش کامل اکثیر ہے۔ اس کو طلوع آفتاب کے وقت چاندی کے پترے پر کندہ کر کے اس کو موڑ کر کالی ڈوری سے اپنے گلے میں پہنیں بد نظری کا خاتمہ ہوگا۔

یا الله هو	٦١٣٦٠	٦١٣٣٧	یا الله هو
٦١٣٥٣	٦١٣٥٨	٦١٣٥٤	٦١٣٥٧
٦١٣٥٥	٦١٣٥٢	٦١٣٥٩	٦١٣٣٧
٦١٣٥٠	٦١٣٦١	٦١٣٣٩	٦١٣٦٢
یا الله هو	٦١٣٥٦	٦١٣٥١	یا الله هو

فلان بن فلان

ہر طرح کی فتوح حاصل کرنے کیلئے

ان کا ورد روزانہ دنوں کے حساب سے مقررہ تعداد کے مطابق کرے اور کسی سے اپنے ان مخفی اوراد کا ذکر نہ کرے۔ اللہ کے حکم سے ان کی ہر میدان میں فتح ہوگی۔ اور ان کے تمام دشمن وحاسد ان کے زیر اور مغلوب رہینگے۔ انشاءاللہ

ہفتہ۔ یا الله المحمود فی كل فعاله یا الله

اتوار۔ لا اله الا الله محمد رسول الله

پیر۔ یا حی یا قیوم برحمتک استغیث

منگل۔ اللهم صل علی محمد وعلی آله محمد

بدھ۔ لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم

جمعرات۔ استغفر الله ربه من كل ذنب و اتوب علیه

جمعہ۔ الله اكبر سبحان الله الحمد لله

اللہ تعالیٰ تمام کاموں میں کفیل ہو

آدھی رات کو وضو کر کے چھ رکعتیں اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد (حسبنا اللہ و نعم الوکیل) چار سو پچاس مرتبہ پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر بیٹھیں اور نو پچاس مرتبہ پھر یہی پڑھیں۔ اس عمل مبارک کی بدولت اللہ ہر کام میں حامی و ناصر رہے گا۔ یہ اکیلا ایک ہی عمل نہیں ہے۔ بلکہ آپ اسی عمل کے ذریعے اپنے حاسدوں کو فرمانبردار بنا سکتے ہیں۔ کشف غیب، اور سرداری، اللہ کا قرب اور تمام حاجات کی تکمیل، حصول بلند درجات، زمین و آسمان کے خزانے کھولنے کیلئے، اہل شہر کو مسخر کرنے کیلئے، بیماریوں کی شفاء، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دنیا و آخرت میں قرب الٰہی اور اولیاء کے درجات حاصل کرنے کیلئے، غرض کہ یہ عمل اتنے سارے کاموں کیلئے آپ کر سکتے ہیں۔ لیکن یہ سب جائز شرائط پر عمل کرنے سے ہی ہو گا۔

اختلاج قلب کیلئے

اس نقش کو طلوع آفتاب کے وقت زعفران سے لکھ کر اس کو اپنے دل کے مقام پر باندھے۔ دل کے تمام عارضوں سے ہمیشہ محفوظ رہے گا۔ اور ایک عدد اور نقش تحریر کر کے پانی میں ڈال کر اس کا روزانہ نہار منہ پانی پیا کرے۔ اللہ کے فضل سے دل کے تمام عارضوں سے مکمل نجات ہو گی۔

۲۲۹۴۲	۲۳۹۴۵	۲۲۹۴۸	۲۲۹۳۵
۲۲۹۴۷	۲۲۹۳۶	۲۲۹۴۱	۲۲۹۴۶
۲۲۹۳۷	۲۲۹۵۰	۲۲۹۴۳	۲۲۹۴۰
۲۲۹۳۳	۲۲۹۳۹	۲۲۹۳۸	۲۲۹۴۹

قوت ذھن و امتحان کیلئے

اپنے علمی کام میں غیبی مدد حاصل کرنے کیلئے۔ اور ذھنی صلاحیتوں کو قوی کرنے کیلئے۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے گلے میں پہنے اور سات ہفتوں تک ہر بدھ کی بدھ طلوع آفتاب کے وقت چینی کی طشتری پر زعفران سے لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر پئے۔ اللہ کرم فرمائے گا۔ اس عمل کو وہ افراد بھی کر سکتے ہیں۔ جن کا دماغ خراب ہو گیا ہو۔ یعنی یہ دماغی لحاظ

سے پاگل پن کا شکار ہو گئے ہوں۔ تو اس صورت میں بھی اسی طرح اس عمل کو ان افراد پر باعث شفاء کیلئے کیا جا سکتا ہے۔ یا ان اعداد سے تعلق رکھنے والے بچوں کا پڑھائی میں ذھن نہ چلتا ہو۔ اور ان کا ذھن تیز کرنے کیلئے بھی اس عمل کو کریں۔ اللہ کے حکم سے بند دماغ کھل جائے گا۔ انشاء اللہ

۳۱۶۸۴	۳۱۶۸۵	۳۱۶۹۹	۳۱۶۷۵
۳۱۶۸۷	۳۱۶۷۶	۳۱۶۹۱	۳۱۶۹۲
۳۱۶۷۷	۳۱۶۹۰	۳۱۶۸۳	۳۱۶۸۰
۳۱۶۸۳	۳۱۶۷۹	۳۱۶۷۸	۳۱۶۹۹

دل و دماغ کو نیک راستے پر لگانا

اگر ان افراد میں سے کسی کی نیت ہو کہ ہمارا ذھن ہمیشہ نیکی کرنے میں زیادہ سوچ بوجھ رکھے تو اس عمل کی برکت سے ان کا ذھن نیکی کی طرف زیادہ سے زیادہ مائل رہے گا۔ اس کیلئے ہر فرض نماز کے بعد دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے اپنی پیشانی پر (اللہ) اور سینے پر (محمد ﷺ) بیشمار تعداد سے لکھے۔ اللہ کے حکم سے اس عمل کی بدولت دل اور دماغ نیکی کی طرف زیادہ مائل ہونگے۔

تبادلے کی منسوخی کیلئے

اگر ان افراد میں سے کوئی سرکاری یا غیر سرکاری نوکری کرتا ہو۔ اور ان کا افسر ان کا تبادلہ ایسی جگہ کرنا چاہتا ہو۔ جہاں ان کی مرضی نہ ہو۔ اور اس کا ایک ہی حل یعنی صرف تبادلہ ہو۔ تو یہ اس عمل کو کریں۔ اللہ نے چاہا تو ضرور کسی نہ کسی طریقہ سے ان کا تبادلہ منسوخ ہو جائیگا۔ اس عمل کو روزانہ بعد نماز عشاء سورۃ (تبت یدا) اس فرد کے نام کے حروف ابجد کے مطابق پڑھے جو تبادلے کیلئے زیادہ کوشش کر رہا ہو۔ اور ان کو پریشان کرتا ہو۔ اللہ کے حکم سے تبادلہ منسوخ ہو گا۔

حاسد یا دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

اگر ان افراد سے کوئی حسد و بغض رکھتا ہو۔ اور ہمیشہ اوچھے ہتھکنڈے ہی استعمال کرتا ہو۔ تو اس کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے۔ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء اس کو کثرت سے ورد کیا

کریں۔ انشاء اللہ ان کے حاسدوں کا وہی انجام ہوگا۔ جو وہ ان کا دیکھنا چاہتے ہیں۔ حاسد زیر اور مغلوب ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ نصر من اللہ و فتح قریب

جسم میں گرمی کے توڑ کیلئے

اگر جسم میں ایسی گرمی پیدا ہو جائے جو ڈاکٹر و حکیم حضرات کی پہنچ سے باہر ہو جائے۔ تو ایک ہی وقت میں (یا نار قونی بردا سلام علی ابراھیم)(۱۱۰۰)مرتبہ پڑھ کر پانی کو ابال کر اس پر دم کرے اور نیم گرم ہی پی لے۔ اللہ کے حکم سے جسم میں ہر گرمی کا توڑ ہوگا۔ دین پر استقامت کیلئے یہ افراد اگر ہمیشہ ہی دین پر زندہ رہنا اور دین پر ہی اپنا خاتمہ چاہتے ہیں تو اس کا کثرت سے ورد کریں۔ اس کی بدولت اللہ کا قرب حاصل ہوگا۔ دنیا میں دین ملے گا۔ اور خاتمہ بھی ایمان پر ہوگا۔ یا مقلب القلوب ثبت قلبی علی دینک

شوگر کے خاتمے کیلئے

اگر شوگر خون میں ہو تو کچھ خالص گندم لائے۔ اور روزانہ ایک دانے پر سات مرتبہ پڑھ کر منہ میں ڈال کر ویسے ہی نگل جائے۔ (سورۃ البروج۔ والسماء ذات البروج سے عذاب الحریق تک)۴۱ مرتبہ ۔ اگر شوگر پیشاب میں ہو تو خالص تل پر حسب مقدار دم کر کے کھالے۔ ہر ایک طریقہ پر کم از کم اکیس دنوں تک عمل کرے اس کے بعد پھر دوبارہ ٹیسٹ کروائے اگر اللہ نے چاہا تو ضرور فرق پڑیگا۔ اگر ایسا نہ ہو تو اس عمل کو برابر جاری رکھے۔ لیکن اس کے ساتھ اس کا اضافہ کر لے۔ کہ خشک مکو کا سفوف صبح و شام ایک ایک تولہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کرے۔

بلڈ پریشر کا خاتمہ

لہسن کا ایک جوا لے اور اسے صبح نہار منہ چھری سے اس طرح کاٹے کہ یہ علیحدہ نہ ہو۔ پھر اس پر سات مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر زور سے پھونک مار کر نگل لے۔ پھر سونف اور دھنیے کی گری ہم وزن لیکر دن میں تین مرتبہ کھائے۔ اس عمل کو اکتالیس دنوں تک کرے۔ اس مرض کا خاتمہ ہوگا۔

سو وظیفوں کا ایک ہی وظیفہ

ہر مقصد ہر حاجت اور دنیاداری کے ہر مقصد کیلئے۔ اس کو روزانہ ایک ہزار کی تعداد میں ورد کرنے کا معمول بنالے۔ ان افراد کی زندگی میں اس سے بڑا کوئی وظیفہ نہیں ہے۔

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

امراض سینہ کے ہر مرض کیلئے

اس عمل کو کریں۔ اس نقش کو تانبے کے پترے پر دو عدد تعداد میں لکھیں۔ نقش کی تیاری میں زعفران استعمال کریں۔ ایک نقش کو اپنے سینے پر چپکنے والی ٹیپ یا ڈوری کے ساتھ اس طرح باندھیں کہ نقش سینے کے اوپر رہے۔ اور دوسرے نقش کو پانی میں ڈال کر اس کا پانی ہر وقت استعمال کریں۔ اللہ کے حکم سے سینے سے متعلق ہر مرض کا خاتمہ ہو گا۔

الم الم الم	المص المص	الر الر الر الر	المر المر المر
کھیعص	طه طه طه طه	طسم طسم	الم الم الم
یس یس یس	ص ص ص	حمعسق	حم حم حم حم
ق ق ق ق ق	ن ن ن ن ن ن	صراط علی	حق نمسکه

اب ع ع ع بحرمۃ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وصحبہ وسلم

دفع احتلام کیلئے

اس نقش کو زعفران سے لکھ کر رات کو سونے سے پہلے اپنے سینے پر رکھ کر سوئے احتلام نہیں ہو گا۔

ھو القادر	ھو القوی	ھو العزیز	ھو الجبار
ھو العزیز	ھو القوی	ھو الجبار	ھو القادر
ھو الجبار	ھو القوی	ھو القادر	ھو العزیز
ھو القادر	ھو القوی	ھو العزیز	ھو الجبار

فلاں بن فلاں

درد دانت سے نجات کیلئے

ان حروف کو کالی سیاہی سے لکھ کر دانت پر مل کر جلائے اور اس کی دھونی لے۔

ف ر ع و ن ق ا ر و ن ن م ر و د ش د ا ش ھ ا م ا ن ا ب ل ی س ا ب و ج
ھ ل ف ر ع و ن ق ا ب ی ل ش د ا د ھ ا م ا ن ا ب ل ی س ق ا ر و ن

عذاب قبر سے نجات کیلئے

جو بھی رات کو سونے سے پہلے سورۃ الم سجدہ اور تبارک الذی پڑھ کر سوئے تو اس دوران اگر اس کی موت واقع ہو جائے تو سیدھا بہشت میں جائے گا۔ اور قیامت آنے تک قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ

فحش گفتاری کی عادت سے بچنے کیلئے

ان افراد میں سے کسی کی زبان ہر وقت بکواس ہی کرتی ہو۔ تو یہ کثرت سے استغفر اللہ مکمل پڑھیں۔

دفع بلغم کیلئے

اس مرض کا اگر علاج کروا کے تھک گئے ہوں۔ تو روحانی علاج کے طور پر سفید نمک کی چھوٹی چھوٹی سات کنکریاں لیکر ہر ایک کنکری پر علیحدہ سورۃ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر کے نگل لیا کریں۔ یا نگلنے کے بعد پانی پی لیا کریں۔ اللہ کے حکم سے شفاء ہو گی۔

ڈراؤنے خواب اور حصار کیلئے

ان میں سے کوئی فرد بھی اگر رات کو سونے سے پہلے سات مرتبہ (اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم) سات مرتبہ (بسم اللہ الرحمن الرحیم) سات مرتبہ (لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم) اور سات مرتبہ (آیت الکرسی) پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تین مرتبہ تالی بجائیں تو اس عمل سے سارا گھر اللہ کی پناہ میں رہے گا۔ اور کبھی بھی غیر انسانی مخلوق آکر نہیں ستائے گی۔ اور نہ ہی مزاج کے خلاف کوئی خواب آئے گا۔ عمل کرنے کے بعد اگر کوئی چور بھی آئے گا۔ تو کوئی چیز نہیں چرا سکے گا۔

تنگی معاش کے خاتمے کیلئے

ان افراد کو اگر کوئی دوسرا شخص عمل کے ذریعے پریشان کر رہا ہو۔ اور اس سے ان کے کمائی کے ذریعے میں خلل واقع ہو رہا ہو۔ تو اس عمل کی بدولت ان کو کوئی بھی کسی عمل یا دوسرے ذرائع سے پریشان نہیں کر سکے گا۔ وقت مقررہ پر روزانہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ تیسرا کلمہ پانچ سو مرتبہ پڑھے لیکن پڑھنے کا ایک ہی وقت ہو۔ دن بدن اور ترقی کے راستے بنیں گے۔

اضافہ علم اور کامیابی امتحان

یہ افراد اس نیت سے (لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین) کثرت سے ورد کریں۔ اور صبح نہار منہ اسی کو سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ ان افراد کا ذھن کھلے گا۔ اور علم میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہو گا۔ انشاء اللہ

دفع بواسیر

اس مرض کے مکمل خاتمے کیلئے اس نقش کو لکھ کر اپنی کمر پر باندھ لے۔ اور دوسری آیت کو صبح نہار منہ پانی پر دم کر کے پی لیا کریں۔ کمر والا نقش بندھا رہے اور پینے والا تا حصول مقصد جاری رکھیں اللہ کے حکم سے بواسیر جیسے موذی مرض کا خاتمہ ہو گا۔ انشاء اللہ

یا رحیم کل صریخ و مکروب یا رحیم و صلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و اصحبہ اجمعین۔ فلاں بن فلاں

طسمو	سلححح	سسسص	سلححح	ملوواب
سلححح	سسسص	سلححح	ملول ی	سلحیھ
سسسض	سلححح	ملوس ق	سلحیھ	تصنسو
سلححح	ملوار	سلحیھ	تصنسو	صسص

زیارت نبی کریم ﷺ

اگر ان افراد کو اس بات کی خواہش ہو۔ تو سب سے پہلے اس بات کا پتہ کریں کہ ہمارے نبی ﷺ کو کیا پسند تھا۔ اور کیا نا پسند تھا۔ کیونکہ یہ اس عمل کی سب سے پہلی اور آخری شرط

ہے۔اگر اس عمل کو اس کے بر عکس کریں گے۔ تو کامیابی کے بجائے الٹا نقصان ہو گا۔اس لئے اپنے آپ کو پہلے ظاہری اور باطنی طور پر شریعت کے مطابق بنائے۔ پھر اس عمل کو کرے ایک عدد چراغ جلا کر جہاں یہ عمل کرنا ہو خوشبو سے معطر کرے۔اور رات کو سونے سے پہلے ایک ہزار مرتبہ (سورۃ الکوثر) پڑھے۔اور چراغ نہ بجھائے اگر نیند غالب آئے تو وہی سو جائے۔اس عمل کو کم از کم اکیس دنوں تک جاری رکھے۔اگر نصیب میں ہو گا۔ تو زیارت ضرور ہو گی۔انشاء اللہ

وساوس شیطانی

ان افراد میں سے اگر کسی کو شیطانی وسوسے بہت زیادہ آتے ہوں۔اور ان کی زندگی ان شیطانی شرارتوں کے سامنے وبال بن جائے تو روزانہ رات کو سونے سے قبل ایک تسبیح (سورۃ ناس) کی پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر کے سو جایا کریں۔اور اس عمل کو کرتے رہیں۔دنوں کی کوئی قید نہیں۔

حصول ملازمت کیلئے

اگر ان افراد میں سے کسی کو ملازمت نہ مل رہی ہو اور اس بات سے بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو۔ تو تہجد کے وقت دو رکعت نفل اس طریقے سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سات مرتبہ الحمد شریف کے بعد ایک مرتبہ سورۃ قل یا ایھا الکفرون پھر دوسری میں سات مرتبہ الحمد شریف کے بعد ایک مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے اور نماز ختم کر کے سلام پھیرنے سے پہلے سجدہ میں جا کر (۵۷) مرتبہ تیسرا کلمہ شریف پڑھے پھر دعا کرے اس عمل کو اپنے مقصد کے حصول تک جاری رکھے۔اللہ کے حکم سے اس روحانی عمل کی بدولت ان کو بہت اچھی نوکری مل جائیگی۔انشاء اللہ

پہلا اور آخری چلہ

ہر طرح کے مقصد کیلئے اس چلہ کو کرے اس کیلئے۔دریا پر جائے اگر دریا نہ ہو تو نہر کے کنارے اس عمل کو کرے۔ چھ گز کا کپڑا لا کر تین گز کی پگڑی اور تین گز کی تہبند بنائے۔نوچندی جمعرات کا روزہ رکھے۔اور صبح نماز کے بعد دریا یا نہر کے کنارے جائے۔اور وہاں جا کر غسل کرے اور غسل کرنے کے بعد جو پگڑی ہو گی اسے تہبند بنائے اور جو تہبند تھی اسے پگڑی بنائے پھر ان کپڑوں کو حفاظت اپنے گھر میں رکھے۔اب جو اگلے مہینے نوچندی جمعرات آئیگی۔ پھر اسی طریقہ کو دہرائے اس طریقہ کو کم از کم سات نوچندی جمعراتوں تک جاری رکھے۔یا اگر اس دوران

اس متعلقہ عمل کے بزرگ سے ملاقات ہو جائے۔ تو عمل کو چھوڑ دے مگر اس بزرگ سے انگوٹھی لینے کے بعد اس انگوٹھی کو سنبھال کرر کھے۔ غیب سے خزانہ حاصل ہو گا۔ اور اس کے بے شمار فوائد ہیں۔ اس تمام عمل میں صرف اسی کو بکثرت پڑھنا ہو گا۔

یکیدون کیدا و اکید کیدا

عدد (1) اور (4) مرد حضرات کے دوست افراد

عدد (9) ستارہ مریخ برج حمل وعقرب

آبان، آتم، آثار، آدم، آزاد، آشام، آصف، آماج، آمال، ابتسام، اثیر، اخفش، اذفر، ارتسام، اروب، ارسلان، ارفع، اسحار، اسعد، اسلوب، اظہار، اکرم، امبر، امتیاز، امعان، انصار، انعام، باتر، باجل، باسط، برید، بستان، بسیط، بصیرت، بکیت، بلال، بکیس، بیان، بیرم، بیلسان، پرواز، پرویز، پیروز، تبصیر، تراب، ترقب، تسکین، تسلیم، تصدق، تنویر، توضیح، ثاقب، جالب، جان، جاہ، جبال، جیاد، حرمت، حق، حکمت، حمایت، حمدون، حنبل، حیّ، خطاب، خطیر، دائم، دبیر، ذافر، ذبیح، ذواد، راتب، رائس، رافع، رجیل، رحمت، ربیع، روق، رئیس، ریبال، زافر، زہدہ، زر، زرخیر، زواد، زیدان، ساحل، ساعد، ساقی، سالف، سراط، سرخیل، سعاد، سعید، سلاح، سلامت، سلسل، سلط، سمح، شادی، شان، شجاعت، شجیر، شحذ، شرافت، شعاع، شعبان، شعور، شکیل، شہباز، صارخ، صامت، صفی، صمصام، صنم، صواب، صویب، صہبائی، ضامن، طوطی، عاجز، عارض، عارف، عافر، عاکف، عتبہ، عزت، عردام، عرفی، عروج، عروہان، عریف، عزیل، عسکری، عکاشہ، عمیدر، عنایت، عون، عوید، عیزار، غاسق، غشارب، غلام، فازع، فاروق، فرجام، فہیم، فیاض، قاہر، قتیل، قثم، قرنی، قرین، کابد، کریم، کسوم، کیان، کیس، گلال، گلفام، گنجور، لاریب، لیث، ماد، مام، مبتور، مترف، مجواد، محبت، محرم، مذنب، مروان، مزلم، مستعین، مسعود، مسکین، مصدق، مطلب، معروف، معلم، ملک، منذر، منہاج، منیف، مودت، مہتدی، مہروز، مہ وش، مہند، میسرہ، ناسخ، ناشط، نائل، نبہان، نجی، نریمان، نشاط، نصیلی، نطیش، نقش، نقیب، نگینہ، ودیع، وراثت، ہاتف، ہرماس، ہرمز، ہفات، یزداں، یلدا، یونس۔

عدد (2) ستارہ قمر برج سرطان

آبض، آذار، آریز، آفاق، لبدال، ابشام، اثیم، اجمل، احسن، اخگر، اخلاص، ارتاش، ارشاد، ارہاب، ارزق، اسد، اشتیاق، اشہر، اصفر، اعماز، اعوان، افضل، اقتداء، ایان، امروز، امین، باذق، بخش، برکات، بلخ، بواب، پارس، تامر، تبارک، تبریک، تجلی، تجلا، تمیم، تنزیل، توفیق، ثمر، ثناء، ثین، جادل، جزا، جعفر، جماش، جمال، جملاء، جمیل، حازم، حاسن، حاطب، حامز، حذیفہ، حزیم، حسان، حسرت، حلیف، حبیب، خبیر، خلیق، داھی، دلیل، دوست، ذکاوت، رازق، ربانی، رئیس، رضا، رضی، رکز، رمضان، زبر، سارب، سلاست، سلیمان، سید، شاداب، شاذ، شاہر، شایان، شجر، شمائل، شمیل، شہاب، شہزادہ، زہیر، ضاح، صاحب، صافر، صبیح، صفوان، صمیان، صنان، ضابط، ضلیع، طارف، طالع، طریف، ظافر، ظراف، ظریف، ظفیر، عاقب، عالمگیر، عائل، عرک، عقار، عقیب، عکب، عکرمہ، علی، عنان، عوز، فاضل، فاطر، فتح، فہیل، فرمان، فروزاں، فضیل، فلاح، قاضی، قانت، قدرت، قدس، قربان، قرف، قریع، قزل، قمقام، کیف، کیقباد، گل تر، گوگا، گوہر بار، لبان، لطف، لعان، ماکت، مامون، مبارک، مبشر، متوکد، مجتہد، مجرب، محران، مدار، مراو، مرام، مرتاص، مرث، مرزوق، مرصاد، مرید، مستان، مستبد، مستعان، مسرور، مسج، مشاش، مطہر، مظہر، مغنی، مغیث، مقسط، ممتاز، منصب، منظر، منعم، موافق، مہر، میمون، نابل، ناہ، نبال، نجار، نجیب، نشوان، نصرت، نفیس، نقاد، نورانی، نوشاہ، نوشیرواں، واسع، ہادی، ہیکل، یحیٰ، یمان، یمین۔

عدد (7) ستارہ قمر برج سرطان

آتک، آرت، آرزو، آشیب، آفتاب، آمر، ابد، ابراھیم، ابریق، احمار، ارتضاء، ارساخ، ارشق، ارکب، ا بایزید، بختیار، بداء، برار، بسالت، بشار، بحر، بلیغ، بیلا، تاجور، تاشف، تائب، تبحر، تبریز، تبسم، تجاسر، تصعید، تعظیم، تقویم، تمجید، تمکین، تنفیذ، جسارت، جوہر، جیش، چراغ، حارث، حاشم، حسنین، حشام، حفص، حقانی، حلیم، حمد، خاذر، خضر، دلاور، ذخار، ذلاقت، راصد، راقم، راکب، رباب، رستم، رشیق، رغد، رفاقت، روشن، ریعان، زاہل، زخار، زمیت، زوار، سادات، سحر، سراغ، سرتاج، سرور، سطوت، سفینہ، سمین، سہام، سعیز، سہیم، شارق، شبر، شفقت، شہزادہ، صادر، صارم، صبحان، صبوح، صرام، صلت، صلیل، ضمیر، صیان، صیزم، ضاہر، ضرغام، طارم،

طالش، طین، طراد، طرفس، طلال، طلحہ، طمار، طملل، عابس، عاطف، عامد، عائل، عباس، عدن، عدید، عدیم، عروئی، عریس، عشرت، عکاس، عماد، عمید، عمیم، عنبر، غادی، غالب، غنا، غنی، فاز، فائز، فخر، فروتن، قابل، قابوس، قانط، قبیل، قتوم، قدر، قدوہ، قمر، کابر، کاظم، کبار، کبیر، کتمان، کرار، کفایت، کلمانی، گلبدن، گل ثان، گوہر ریز، لبیق، لحن، لطافت، مبروز، مبروک، متقدم، مجددی، محت، محتذر، محنک، محرب، محشوذ، مدزان، مرتبت، مرصود، مزن، مسرت، مصالح، مطیب، معاد، مفتاح، مقبول، مکشف، مودب، مهاست، مهتاب، میر، مینو، ناجع، نازش، ناضر، ناطق، نجیع، نخشب، نسیم، نصر، نضار، نصیر، نظر، نقی، نوید، واضی، وزیر، وصی، وفیق۔

عدد (3) ستارہ مشتری برج قوس و حوت

